پنجاب نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات
21ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

محکمہ زراعت پنجاب نے پیاز کی فصل کی کاشت بارے ہدایات جاری کردیں۔

لاہور 16 نومبر 2025( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پیاز کی نرسری کی کاشت کا وقت آخر نومبر تک ہے اور کھیت میں پنیری کی منتقلی دسمبر، جنوری تک ہوتی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ پیاز کا تین کلو گرام فی ایکڑ پیج استعمال کریں ۔ اس کے علاوہ ڈیڑھ بوری ڈی اے پی اور ایک بوری پوٹاش فی ایکڑ بوقت کاشت ڈالیں۔ زمین کی اچھی تیاری کریں اور چھوٹی چھوٹی کیاریاں بنائیں ان کیاریوں میں تین انچ کے فاصلہ پر ایک انچ گہری لائنیں لگا کر بیج کاشت کریں۔

****